




# آؤ، پہچانیں
## ہندسی شکلیں

* تصویروں میں دکھائے ہوئے طریقوں سے چیزوں کے کناروں کے گرد پنسل پھیر کر شکل بناؤ اور شکلوں کے کناروں کا مشاہدہ کرو۔ تیار ہونے والی شکلوں کے نام پڑھو۔

| | | | |
|---|---|---|---|
|  |  |  |  |
|  |  |  |  |
| یہ مربع ہے۔ مربع کے ۴ بازو ہیں۔ | یہ مثلث ہے، مثلث کے ۳ بازو ہیں۔ | یہ دائرہ ہے۔ دائرے کو ایک ہی خمدار کنارہ ہے، ایک بھی سیدھا بازو نہیں ہے۔ | یہ مستطیل ہے۔ مستطیل کے بازوؤں کی تعداد ۴ ہے۔ |

نیچے کچھ مزیدار سرگرمیاں دی ہوئی ہیں، انھیں کر کے دیکھو۔

* سرگرمی ۱ : کاغذ کی ایک ناؤ بناؤ۔ اسے کھول کر گنو کہ کتنے مثلث، کتنے چوکون بنے۔ ان میں سے کسی دو مثلث اور دو چوکون میں رنگ بھرو۔
* سرگرمی ۲ : ماچس کی تیلیوں یا لکڑی کی چھوٹی چھوٹی پٹّیوں کی مدد سے مختلف چوکون اور مثلث بناؤ۔
* سرگرمی ۳ : کھیلوں کی کن چیزوں میں مثلث، چوکون اور دائرے دکھائی دیتے ہیں، تلاش کرو۔
* سرگرمی ۴ : چوکون، مثلث اور دائرہ جیسی شکلوں کی مدد سے دلچسپ تصویر بناؤ۔

C2ZCFV

**برائے اساتذہ :** روز مرہ کی مختلف چیزوں کو استعمال کر کے ہندسی شکلیں بنانے کی مشق کروائی جائے۔ طلبہ کو آزادانہ طور پر شکلیں بنانے کے مواقع فراہم کیے جائیں۔